Telephonic conversation between Prime Minister and Vladimir V. Putin, President of Russia on COVID-19

March 25, 2020

کووڈ 19 پر وزیر اعظم اور روس کے صدر ولادیمیر پوتن کے مابین ٹیلیفونک گفتگو

25 مارچ، 2020

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج روسی فیڈریشن کے صدر عالی جناب ولادیمیر وی پوتن کے ساتھ ٹیلیفون پر بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے کووڈ 19 وبائی مرض کے تناظر میں عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔
وزیر اعظم نے روس میں اس مرض میں مبتلا تمام افراد کی جلد صحتیابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا، اور اس امید کا اظہار کیا کہ صدر پوتن کی قیادت میں، اس بیماری سے لڑنے کے لئے روس کی کوششیں کامیاب ہوں گی۔

صدر پوتن نے وزیر اعظم سے کووڈ 19 کا مقابلہ کرنے کے لئے ہندوستان میں اٹھائے گئے اقدامات کی کامیابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

دونوں رہنماؤں نے صحت، طب، سائنسی تحقیق، انسانی معاملات اور عالمی معیشت پر اثرات سے متعلق اس بڑے عالمی بحران سے درپیش تمام چیلنجوں کو مناسب طریقے سے نمٹنے میں مزید مشاورت اور تعاون پر اتفاق کیا۔ انہوں نے جی 20 فریم ورک کے تحت، کووڈ 19 سے متحد طور پر لڑنے کے لئے بین الاقوامی تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔

وزیر اعظم نے روس میں ہندوستانی طلبا کی فلاح و بہبود کو یقینی بنانے میں روسی حکام کے تعاون کو سراہا، اور امید ظاہر کی کہ یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ صدر پوتن نے اس سلسلے میں ہر طرح کی مدد کی یقین دہانی کرائی۔ وزیر اعظم نے صدر پوتن کو بتایا کہ متعلقہ ہندوستانی حکام روسی شہریوں کی فلاح وبہبود اور منظم واپسی کو یقینی بنانے کے لئے ہر ممکن طریقے سے کوششوں میں سہولیات جاری رکھیں گے، جب اور جیسے اس کی ضرورت پڑے گی۔

دونوں رہنمائوں نے خوشگوار اور وقت کے ساتھ تجربہ پر مبنی باہمی تعلقات کی گرم جوشی اور بہترین رفتار کو برقرار رکھنے کے لئے قریبی تعاون جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ انہیں اس سال ذاتی طور پر بات چیت کرنے کے متعدد مواقع کا انتظار ہے۔

نئی دہلی

25 مارچ، 2020

DISCLAIMER : This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.